Prime Minister’s participation in 47th G7 Summit

June 10, 2021

وزیر اعظم کی 47 ویں جی7 سربراہ اجلاس میں شرکت

10 جون، 2021

1- برطانوی وزیر اعظم بورس جانسن کی دعوت پر، وزیر اعظم جناب نریندر مودی ورچوئل طریقے سے 12 اور 13 جون کو جی7 سربراہ اجلاس کے آؤٹ ریچ سیشنز میں شرکت کریں گے۔ برطانیہ فی الحال جی7 کا صدر ہے، اور اس نے آسٹریلیا، جمہوریہ کوریا اور جنوبی افریقہ کے ساتھ بھارت کو جی7 سربراہ اجلاس کے مہمان ممالک کے طور پر مدعو کیا ہے۔ یہ میٹنگ ہائبرڈ موڈ میں ہوگی۔

2- سربراہ اجلاس کا موضوع ’بلڈ بیک بیٹر‘ ہے اور برطانیہ نے اپنے دور صدارت کے لئے چار شعبوں کی شناخت بطور ترجیح کی ہے۔ ان میں آئندہ کی وباؤں کے خلاف لچیلاپن (ریزیلینس) کو مضبوط کرنے کے ساتھ ساتھ کورونا وائرس سے عالمی بازیابی کی قیادت کرنا، آزادانہ ومنصفانہ تجارت کو اولیت دے کر مستقبل کی خوش حالی کو فروغ دینا، آب وہوا کی تبدیلی کے مسئلے سے نمٹنا وکرہ ارض کے حیاتیاتی تنوع کا تحفظ اور مشترکہ قدروں اور کھلے معاشروں کو اولیت دینا شامل ہے۔ توقع ہے کہ یہ رہنما وبا سے عالمی بازیابی کے طریقوں سے متعلق اپنے خیالات کا تبادلہ کریں گے، جس میں خصوصی توجہ صحت اور آب وہوا کی تبدیلی پر مرکوز ہوگی۔

3- یہ دوسرا موقع ہے جب وزیر اعظم جی7 کی میٹنگ میں حصہ لیں گے۔ اس سے قبل 2019 میں جی7 کے فرانسیسی دور صدارت میں ’’خیرسگالی شراکت دار‘‘ کے طور پر بھارت کو بیئرٹز سمٹ میں مدعو کیا گیا تھا، اور وزیر اعظم نے ’کلائمیٹ، بایو ڈائیورسٹی اینڈ اوشین‘ اور ’ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن‘ سے متعلق اجلاس میں شرکت کی تھی۔

نئی دہلی

10 جون، 2021

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.